اسلامیات

Mock Test

Instructions

Name: Aluina Haider

LMS ID: 38390

1. Give numbering to headings
2. Do not write lengthy paragraphs. Write medium sized paragraphs with headings.
3. Do not use table for comparison and contrast questions. Give small paragraphs with headings instead.
4. Draw figures/diagram/flowchart where needed.
5. Start new question from fresh page.
6. Give around 15 headings for 20 marks question.
7. Every question should have introduction and conclusion paragraphs.
8. Add Quran/Hadees references wherever possible.
9. Narrate incidents from the life of Holy Prophet (SAWW) and Khulafa-e-Rashideen.
10. Add one quotation of famous religious scholar in each question.

س: اسلام کے منفرد پہلوؤں کو مختصر بیان کریں۔ انسانی زندگی میں دین کی اہمیت کی وضاحت کریں۔

تعارف

اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے جو نہ صرف روحانی اور مذہبی پہلوؤں کا احاطہ کرتا ہے بلکہ انسانی زندگی کے معاشرتی، اخلاقی، سیاسی اور اقتصادی پہلوؤں کو بھی منظم کرتا ہے۔ اسلام کے پہلو جو اسے دیگر مذاہب سے ممتاز کرتے ہیں، فرد کی شخصیت اور معاشرے کی تشکیل میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔

اسلام کے منفرد پہلو:

1. **توحید (واحدانیت):**

اسلام کا سب سے بنیادی عقیدہ اللہ کی واحدانیت ہے، جو انسان کو ہر طرح کی غلامی سے آزاد کرتا ہے۔

2. **جامع ضابطہ حیات:**

اسلام صرف عبادات تک محدود نہیں بلکہ زندگی کے تمام شعبوں جیسے معیشت، معاشرت، سیاست

قانون اور اخلاقیات کو مکمل رہنمائی فراہم کرتا ہے۔

3 **عدل و مساوات:**

اسلام تمام انسانوں کو رنگ، نسل، زبان اور قومیت سے بالاتر ہو کر برابر قرار دیتا ہے
جیسا کہ سورۃ حجرات (القرآن) ۴۹ کی آیت 13 میں اللہ نے فرمایا:

ترجمہ: "اے لوگو! ہم نے تمہیں ایک مرد اور عورت سے پیدا کیا اور تمہیں قوموں اور قبیلوں میں تقسیم کیا تاکہ تم ایک دوسرے کو پہچان سکو۔ بے شک اللہ کے نزدیک تم میں سب سے زیادہ عزت والا وہ ہے جو تم میں سب سے زیادہ پرہیزگار ہے۔ یقیناً اللہ سب کچھ جاننے والا، باخبر ہے۔"

4 **اخلاقی تربیت پر زور:**

اسلام حسن اخلاق کو ایمان کا حصہ قرار دیتا ہے اور اعلیٰ اخلاق کو کامیاب معاشرے کی بنیاد سمجھتا ہے۔

5 **حقوق العباد و حقوق اللہ کا توازن:**

اسلام میں اللہ کے حقوق (نماز، روزہ) اور انسانوں کے حقوق (والدین، یتیم، غریب) دونوں کو برابر اہمیت حاصل ہے

6 **اصول شوریٰ:**

اسلام کا سیاسی نظام مشورے پر مبنی ہے۔
جو جمہوریت کا اسلامی نمونہ فراہم کرتا ہے۔
جیسا کہ سورۃ شوریٰ میں اللہ فرماتے ہیں

"اور وہ لوگ جو اپنے رب کا حکم مانتے ہیں، نماز قائم کرتے ہیں، اور ان کے تمام معاملات باہمی مشورے سے طے پاتے ہیں اور کچھ ہم نے جو کچھ انہیں دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں"

7 **علم و فکر کی حوصلہ افزائی:**

اسلام علم کے حصول کو ہر مسلمان مرد و عورت پر فرض قرار دیتا ہے۔

حدیث: "علم حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے"

اسلام میں دین کی انسانی زندگی میں اہمیت:

1 **روحانی سکون:**

اسلام انسان کو اللہ سے تعلق جوڑ کر باطنی سکون فراہم کرتا ہے۔

2 **کردار سازی:**

اسلام فرد کو سچائی، دیانت، صبر، عفو، عجز اور شکر جیسے اوصاف سے مزین کرتا ہے۔

3 **مقصد حیات کی وضاحت:**

اسلام انسان کو واضح مقصد دیتا ہے۔

"اللہ کی عبادت اور اس کی زمین پر نظام

عدل قائم کرنا"
سورہ الذاریات آیت 56 میں اللہ فرماتے ہیں
"وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون"
"اور میں نے جنات اور انسانوں کو صرف اس لئے پیدا کیا کہ وہ میری عبادت کریں۔"

4 **معاشرتی نظم و عدل:**
اسلام باہمی حقوق و فرائض کی بنیاد پر ایک مثالی معاشرہ تشکیل دیتا ہے۔

5 **فلاحی ریاست کا قیام:**
اسلام ایک ایسی ریاست کا تصور دیتا ہے جہاں ہر فرد کی بنیادی ضروریات پوری ہوں (خوراک، رہائش، تعلیم، انصاف)

6 **زندگی کے ہر مرحلے میں رہنمائی:**
بچپن سے بڑھاپے تک تعلیم سے شادی تک تجارت سے جنگ تک اسلام ہر مرحلے کے لئے ہدایت فراہم کرتا ہے۔

نتیجہ:
اسلام ایک آفاقی اور ہمہ جہت دین ہے جو انسان کی انفرادی اور اجتماعی زندگی کے تمام پہلوؤں کی مکمل رہنمائی فراہم کرتا ہے۔

سوال 3: اسلامی عقائد کے اہم نکات اور ان کے فرد اور معاشرے پر اثرات کی وضاحت کریں:

تعارف:

اسلامی عقائد دراصل وہ بنیادی ایمان و نظریات ہیں جن پر ایک مسلمان کی فکری، روحانی، اخلاقی اور عملی زندگی استوار ہوتی ہے۔ یہ عقائد نہ صرف فرد کی اصلاح کرتے ہیں بلکہ ایک عادل، پرامن اور مضبوط معاشرہ تشکیل دینے میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

اسلامی عقائد کے اہم نکات:

1 توحید (اللہ کی وحدانیت)

اللہ ایک ہے اور وہی خالق و مالک و رازق

"قل ھو اللہ احد، اللہ الصمد، لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوا احد"
(سورہ اخلاص)

اللہ ایک ہے۔ اللہ بے نیاز ہے نہ اس نے کسی کو جنا، اور نہ اس سے کوئی پیدا ہوا۔ اور نہ اس کا کوئی ہمسر ہے

2 رسالت (نبیوں پر ایمان)

اللہ تعالیٰ نے ہدایت کے لئے انبیاء کرام مبعوث فرمائے، آخری نبی حضرت محمد ﷺ ہیں۔

3 آخرت پر ایمان:

مرنے کے بعد زندگی، جزا و سزا کا دن اور جنت و جہنم کا یقین

4 ملائکہ پر ایمان:

اللہ نے فرشتے نور سے پیدا کئے جو اللہ کے حکم کے پابند ہیں۔

5 آسمانی کتابوں پر ایمان:

تورات، زبور، انجیل اور قرآن مجید اللہ کی طرف سے نازل شدہ کتابیں ہیں، قرآن آخری اور مکمل کتاب ہے

6 تقدیر پر ایمان:

ہر چیز اللہ کے علم میں ہے اور نفع و نقصان اس کی مشیت سے ہوتا ہے

اسلامی عقائد کے فرد پر اثرات:

1 روحانی سکون:

اللہ پر یقین انسان کو خوف، غم اور مایوسی سے نجات دیتا ہے۔

2 اخلاقی تربیت:
توحید اور آخرت کا ایمان انسان کو سچائی، دیانت، عفو و درگزر جیسی صفات اپنانے کی ترغیب دیتا ہے۔

3 ذمہ داری کا احساس:
آخرت کے حساب کتاب پر یقین فرد کو اپنی حرکات و سکنات پر محتاط بناتا ہے۔

4 عبادت و بندگی:
ایمان فرد کو عبادات کی طرف راغب کرتا ہے جو اس کی روح کی پاکیزگی کا سبب بنتی ہے۔

اسلامی عقائد کے معاشرے پر اثرات:

1 اخوت و مساوات کا قیام:
تمام انسانوں کو برابر ماننا اور رنگ و نسل کے تعصبات کو ختم کرنا

2 عدل و انصاف کا نظام:
اللہ کی ذات پر یقین اور جزا و سزا کا تصور عدل کو فروغ دیتا ہے۔

3 امن و امان:
ایماندار افراد پر مشتمل معاشرہ دوسروں کے حقوق کا احترام کرتا ہے، جو پر امن سوسائٹی کی بنیاد ہے۔

۴۔ فلاحی ریاست کا قیام:

اسلام انسان کو انفاق، زکوٰۃ، صدقہ اور یتیمں و مسکینوں کی مدد پر آمادہ کرتا ہے، جس سے معاشرتی فلاح ممکن ہوتی ہے۔

۵۔ سماجی نظم و ضبط:

عقائد انسان کو حدود و قیود کا پابند بناتے ہیں جس سے انتشار اور فتنہ ختم ہوتا ہے

نتیجہ

اسلامی عقائد محض نظریاتی بنیادیں نہیں بلکہ مکمل عملی رہنمائی فراہم کرتے ہیں یہ فرد کی باطنی اصلاح سے لے کر ایک مثالی معاشرے کی تشکیل تک کا سفر طے کرواتے ہیں

9